## سوال

(784) عورت کے حوالے سے جنت میں خاوند کے بارے میں بیان

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس وقت میں قرآن مجید کی تلاوت کرتی ہوں تو اس کی آیات میں اکثر پاتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایماندار مردوں کی بڑی آنکھوں والی گوریوں اور خوبصورتی میں غالب عورتوں کی خوشخبری سے نوازا ہے تو کیا عورت کے لیے آخرت میں اس کے دنیاوی خاوند کا بدل بھی ہوگا؟ اسی طرح جنت کی اکثر نعمتوں کی نسبت مومن مردوں کی طرف کی گئی ہے تو کیا ایماندار کی نعمت ایماندار مرد سے کم ہوگی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آخرت کا ثواب مردوں اور عورتوں کے لیے عام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

فَاستَجابَ لَهُم رَبُّهُم أَنّى لا أُضيعُ عَمَلَ عـٰمِلٍ مِنكُم مِن ذَكَرٍ أَو أُنثىٰ ... ١٩٥ ... سورة آل عمران

"تو ان کے رب نے ان کی دعا قبول کرلی کہ بے شک میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع نہیں کروں گا، مرد ہو یا عورت۔"

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

مَن عَمِلَ صـٰلِحًا مِن ذَكَرٍ أَو أُنثىٰ وَهُوَ مُؤمِنٌ فَلَنُحيِيَنَّهُ حَيو‌ٰةً طَيِّبَةً ... ٩٧ ... سورة النحل

"جو بھی نیک عمل کرے، مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو تو یقیناً ہم اسے ضرور زندگی بخشیں گے پاکیزہ زندگی۔"

اور اس کا فرمان ہے:

وَمَن يَعمَل مِنَ الصّـٰلِحـٰتِ مِن ذَكَرٍ أَو أُنثىٰ وَهُوَ مُؤمِنٌ فَأُولـٰئِكَ يَدخُلونَ الجَنَّةَ ... ١٢٤ ... سورة النساء

"اور جو شخص نیک کاموں میں سے (کوئی کام) کرے، مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو تو یہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔"

اسی طرح اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے :

إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا ﴿٣٥﴾ ... سورة الاحزاب

بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں مومن مرد اور مومن عورتیں فرماں برداری کرنے والے مرد اور فرمانبردار عورتیں راست باز مرد اور راست باز عورتیں صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں، عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں، خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں، روزے رکھنے والے مرد اور روزے رکھنے والی عورتیں اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والیاں بکثرت اللہ کا ذکر کرنے والے اور ذکر کرنے والیاں ان (سب کے) لئے اللہ تعالیٰ نے (وسیع) مغفرت اور بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے"

اللہ نے ان کے جنت میں اکھٹے داخل ہونے کا تذکرہ کیا ہے، جو کہ اس فرمان میں ہے :

هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ مُتَّكِئُونَ ﴿٥٦﴾ ... سورة يس

"وہ اور ان کی بیویاں گھنے سایوں میں تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہیں۔"

اور اس کا فرمان ہے :

ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُونَ ﴿٧٠﴾ ... سورة الزخرف

"جنت میں داخل ہوجاؤ تم اور تمہاری بیویاں، تم خوش کیے جاؤ گے۔"

اور اللہ نے اپنے فرمان میں عورتوں کو دوبارہ پیدا کرنے کی خبر دی ہے :

إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً ﴿٣٥﴾ فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ ... سورة الواقعة

"بلاشبہ ہم نے ان (بستروں والی عورتوں) پیدا کیا نئے سرے سے پیدا کرنا، پس ہم نے انھیں کنواریاں بنا دیا۔"

یعنی بوڑھیوں کو دوبارہ پیدا کرتے وقت انھیں کنواریاں بنائے گا جیسے بوڑھوں کو نوجوان لوٹائے گا۔ حدیث میں آیا ہے کہ دنیاوی عورتوں کو عبادت اور فرمانبرداری کیوجہ سے حوروں پر فضیلت حاصل ہوگی توایماندار عورتیں بھی مردوں کی طرح جنت میں داخل ہوں گی۔ اور اگر عورت نے کئی مردوں سے شادی کی ہوگی تو ان کے ساتھ ہی جنت میں داخل ہوگی ان کے درمیان اسے اختیار ملنے پر وہ ان میں سے سب سے اچھے کردار والے کو پسند کرے گی۔ (فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن جبرین)

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

**صفحہ نمبر 703**

محدث فتویٰ